سوال

(555)حصول مقصد کے لئے کیا جانے والا بہترین عمل

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اگراللہ سے ہر وقت نمازمیں اور عبادت میں کچھ مانگا جارہاہو، خاص طور کسی انسان کا ساتھ، اوراس میں مشکل آجائے، توبندے کو کیا کرنا چاہیے، کیوں کہ وہ اللہ پر بھروسہ رکھتا ہے اوریقین۔ اوراسی سے مانگتا ہے، تو ایسا کونسا عمل ہے جسے کرنے سے وہ انسان اس کی قسمت میں لکھا جائے۔ برائے مہربانی جواب دیں اور میری مدد کریں۔ ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!
الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

اللہ تعالی سے کچھ مانگنے کا بہترین ذریعہ دعا ہے۔ کیونکہ دعا تقدیر کو بھی بدل دیتی ہے۔

اور مشکلات کوٹالنے کا بہترین ذریعہ نماز ہے۔ ارشاد باری تعالی ہے۔

واستعینوا بالصبر والصلاۃ

تم نماز اور صبر کے ذریعے مدد حاصل کرو

لہذا اگر آپ کسی انسان کا ساتھ اللہ سے طلب کر رہے ہیں تو کثرت سے نماز پڑھ کر اللہ سے دعائیں کیا کریں۔ کیونکہ رحمت الہی کے ظہور کا یہ بہترین طریقہ ہے۔ پھر بھی اگر آپ محسوس کرتے ہیں کہ آپ کی دعائیں قبول نہیں ہورہی ہیں تو اللہ کی رضا پر صبر وشکر کا رویہ اختیار کریں۔ یاد رکھیں کہ قبولیت دعا کی تین صورتیں ہیں :

۱۔ اللہ تعالی مانگی ہوئی دعا کو بعینہ پورا کردے

۲۔ یا اس دعا کے بدلے میں کوئی بلا ٹال دے

۳۔ یا اس کو ذخیرہ آخرت بنا دے، اور یہ قبولیت دعا کی سب سے بہترین صورت ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

كتاب الصلاۃ جلد 1